سوال

(116)کیا غسل سے پہلے کیا ہوا وضوء نماز کےلیے درست ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا غسل سے پہلے ننگے ہونے کی حالت میں کیا ہوا وضو نماز کےلیے درست ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حالتِ غسل میں کیا ہوا وضو نماز کےلیے کافی ہوسکتا ہے بشرطیکہ اس کے بعد آدمی قُبل یا دُبر وغیرہ کو مَس نہ کرے۔ حدیث بُسرہ بنت صفوان (رضی اللہ عنہما) میں ہے :

'اِذَا مَسَّ اَحَدُکُم ذَکَرَہٗ فَلْیَتَوَضَّأ۔' (رواہ مالک، واحمد، وابوداؤد، والترمذی، والنسائی، وابن ماجہ، والدارمی) سنن أبي داود، بَابُ الْوُضُوءِ مِن مَسِّ الذَّکَرِ، رقم : ۱۸۱، سنن الترمذی، بَابُ الْوُضُوءِ مِن مَسِّ الذَّکَرِ، رقم : ۸۲، سنن النسائی، بَابُ الْوُضُوءِ مِن مَسِّ الذَّکَرِ، رقم : ۴۴۷

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ : صفحہ : 145

محدث فتویٰ